# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ داخلہ)

عنوان: داخلہ برائے بی ایڈ پروگرام سمسٹر بہار 2014ء (جاری طلبہ کے لیے)

عزیز طالب علم۔ السلام علیکم!

یونیورسٹی ہذا بی ایڈ کے دوسرے سمسٹر (بہار 2014ء) میں داخلہ کا اجراء مورخہ 20 جنوری 2014ء سے کر رہی ہے۔ آپ کو دوسرے سمسٹر کے لیے داخلہ فارم برائے جاری طلبہ ارسال کیا جا رہا ہے۔ پراسپیکٹس برائے بی ایڈ پروگرام میں فراہم کردہ معلومات کے مطابق اس سمسٹر میں مندرجہ ذیل کورسز پیش کیے جا رہے ہیں۔ جن کی شرح فیس بھی درج ہے۔

الف۔ آرٹس گروپ (بی۔اے پاس طلبہ وطالبات کے لیے) دو کورسز منتخب کریں۔

| نمبر شمار | مضامین/کورسز | کریڈٹ | کوڈ نمبر | شرح فیس فی کورس |
|---|---|---|---|---|
| 1- | تدریس مطالعہ پاکستان | مکمل | 517 | 1610/- روپے |
| 2- | تدریس انگریزی | مکمل | 519 | " |
| 3- | تدریس اسلامیات | مکمل | 654 | " |
| 4- | تدریس جنرل سائنس | مکمل | 657 | " |
| 5- | تدریس اردو | مکمل | 658 | " |
| (ب) | سائنس گروپ (بی ایس سی طلبہ کے لیے) دو کورسز منتخب کریں۔ | | | |
| 1- | تدریس بیالوجی | مکمل | 520 | " |
| 2- | تدریس کیمسٹری | مکمل | 653 | " |
| 3- | تدریس فزکس | مکمل | 656 | " |
| 4- | تدریس جنرل سائنس | مکمل | 657 | " |
| 5- | تدریس ریاضی | مکمل | 661 | " |
| (ج) 6- | ورکشاپ (لازمی) | مکمل | 655 | 2350/- روپے |

نوٹ: آپ کے لیے یہ ضروری ہے کہ مندرجہ بالا گروپس میں سے صرف ایک گروپ کے دو کورسز اور عملی ورکشاپ (655) کا انتخاب کریں۔

1- فیس برائے 2nd سمسٹر بی ایڈ پروگرام

(الف) فیس دو مکمل کورسز+ورکشاپ 5570/- روپے — (ب) قیمت داخلہ فارم: 15/- روپے

(ج) ٹیکنالوجی فیس: 100/- روپے — (د) **کل فیس: 5685/- روپے**

2- فیس/داخلہ فارم جمع کروانے کا طریقہ کار

اگر آپ بی ایڈ جنرل پروگرام کے دوسرے سمسٹر (بہار 2014ء) میں داخلہ کے خواہشمند ہیں تو پشت پر دیئے گئے داخلہ فارم کو پر کر کے مع فیس نیشنل بنک آف پاکستان، مسلم کمرشل بینک، فرسٹ ویمن بینک، الائیڈ بینک اور بینک الفلاح کی کسی بھی نامزد شاخ میں جمع کروائیں۔

3- فیس/داخلہ فارم جمع کروانے کا شیڈول درج ذیل ہے۔

20 جنوری 2014ء سے 5 مارچ 2014ء تک داخلہ فیس ——— 5685/- روپے (بغیر لیٹ فیس)

6 مارچ 2014ء سے 19 مارچ 2014ء تک داخلہ فیس ——— 6185/- روپے (لیٹ فیس کے ساتھ)

20 مارچ 2014ء سے 3 اپریل 2014ء تک داخلہ فیس ——— 6685/- روپے (اضافی لیٹ فیس کے ساتھ)

## اہم ہدایات

☆ طلبہ اپنے پہلے سمسٹر میں منتخب کیے گئے گروپ (آرٹس یا سائنس) کے مطابق اسی گروپ میں سے دو مضامین کا انتخاب کر کے داخلہ فارم کے متعلقہ کالم میں اندراج کریں۔

☆ سائنس گروپ کا انتخاب صرف سائنس گریجویٹس کر سکیں گے۔ داخلہ فارم میں متعلقہ کورس کا نام اور کورس کا کوڈ درست اور واضح تحریر کریں۔ کسی غلطی کا ارتکاب اور اس سے پہنچنے والے نقصان کا طالب علم خود ذمہ دار ہوگا۔

☆ داخلہ فارم کے ہمراہ داخلہ فیس مروجہ طریقہ کار کے مطابق مقرر کردہ بینکوں کی شاخوں میں جمع کروانا لازم ہے۔ داخلہ فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ/منی آرڈر قابل قبول نہیں ہے۔

☆ داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنے فارم اور ادا شدہ فیس کی رسید کی فوٹو کاپی کے ہمراہ 30 جون تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مقررہ تاریخ کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

☆ اپنی کتب ایڈریس لیبل پر درج شدہ کوڈ نمبر کے مطابق چیک کریں اور کمی بیشی کی صورت میں شعبہ ترسیل یا شعبہ داخلہ سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ کورس کی تبدیلی مقررہ فیس کی ادائیگی کے بعد پہلی مشق کی مقررہ تاریخ سے قبل ہی ممکن ہے۔

☆ نامکمل بغیر فیس یا کم فیس اور آخری تاریخ کے بعد فیس جمع کروانے کی صورت میں داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

☆ مزید معلومات کے لیے متعلقہ پراسپیکٹس یا متعلقہ علاقائی دفتر یا شعبہ تربیت اساتذہ سے رجوع فرمائیں۔

☆ اپنے نام، ولدیت، پتہ یا دیگر کوائف میں غلطی کی درستگی کے لیے یونیورسٹی کی ویب سائٹ سے متعلقہ درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کریں اور ضروری کاغذات کے ہمراہ شعبہ داخلہ کو ارسال کریں۔

ڈپٹی رجسٹرار
شعبہ تربیت اساتذہ
فون نمبر 051-9057760, 051-9057428